11 مئی 2015ء

کارکنوں کی ترسیلات مالی سال 15ء کے پہلے دس مہینوں میں 16 فیصد نمو کے ساتھ 15 ارب ڈالر ہو گئیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے مالی سال 15ء کے پہلے دس مہینوں (جولائی تا اپریل) کے دوران 14,969.66 ملین ڈالر وطن بھجوائے جس سے م س 14ء کے اسی عرصے میں بھجوائی گئی رقم 12,897.91 ملین ڈالر کے مقابلے میں 16.06 فیصد کی متاثر کن نمو ظاہر ہوتی ہے۔

اپریل 2015ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات 1,640.58 ملین ڈالر رہیں جو مارچ 2015ء کے مقابلے میں 4.0 فیصد زائد ہیں اور اپریل 2014ء کے مقابلے میں 25.06 فیصد بلند ہیں۔ بلحاظ ملک اپریل 2015ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 519.68 ملین ڈالر، 395.69 ملین ڈالر، 233.85 ملین ڈالر، 174.47 ملین ڈالر، 190.59 ملین ڈالر، اور 26.87 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ اپریل 2014ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 415.09 ملین ڈالر، 233.97 ملین ڈالر، 206.15 ملین ڈالر، 166.07 ملین ڈالر، 169.67 ملین ڈالر، اور 36.37 ملین ڈالر تھیں۔ اپریل 2015ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 99.43 ملین ڈالر رہیں جبکہ اپریل 2014ء میں ان ملکوں سے موصولہ رقم 84.53 ملین ڈالر تھی۔

☆☆☆